© rasailojaraid.com

(۴)

نام کتاب — نخبۃ الاحادیث

تالیف — مولانا سید محمد داؤد غزنوی رحمہ اللہ

طباعت — عکسی، عمدہ

صفحات — ۸۰

جلد — خوبصورت اور پائیدار

قیمت — تین روپے

ناشر — اسلامی اکادمی اردو بازار۔ لاہور

مولانا سید محمد داؤد غزنوی کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ مرحوم نے طلبہ اور کم پڑھے لکھے لوگوں کے لیے ایک سو مختصر احادیث کا مجموعہ تیار کیا۔ احادیث کے انتخاب میں خاصا تنوع ہے۔ انتخاب۔ عقائد، عبادات اور معاملات، ہر پہلو پر حاوی ہے۔

ابتدائی ۴۵ صفحات میں احادیث کا متن ہے۔ ہر حدیث کا عنوان اردو میں لکھا گیا ہے۔ آخری ۳۵ صفحات میں مشکل الفاظ کا مطلب اور مناسب تشریح لکھی گئی ہے۔ مثال کے طور پر پہلی حدیث "انما الاعمال بالنیات" میں لفظ "انما" کا مطلب و تشریح یوں بیان کی گئی ہے۔

اِنَّمَا۔ کلمہ حصر یعنی حقیقت یہی ہے۔ یا اس کے سوا اور کوئی دوسری بات نہیں یا اس کے قریب قریب مضمون ادا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے

کتاب کو خاصی مقبولیت حاصل ہے۔ ناشر کی اطلاع کے مطابق دوسرا ایڈیشن بھی قریب الاختتام ہے۔

(۵)

نام کتاب — درود و سلام

تالیف — سید مودودی

صفحات — ۱۶

قیمت — ۳۰ پیسے

ناشر — مکتبہ الخیر۔ ۴ اردو بازار لاہور

سید مودودی کی مشہور تفسیر قرآن کریم "تفہیم القرآن" سے آیت اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔ کی تفسیر و تشریح بغرض تبلیغ کتابچے کی صورت میں شائع کی گئی ہے۔


© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ